# 121723 ـ ايك ديندار شخص كو پسند كرتى ہے اور دونوں ايك دوسرے كو مباركباد اور وعظ و نصيحت كے مراسلات لكھتے ہيں اب وہ عورت كيا كرے ؟

**سوال**

ميں نے چار برس قبل يونيورسٹى كى تعليم مكمل كى اور الحمد لله پردہ بھى كرتى ہوں، اور قرآن مجيد بھى حفظ كيا ہے اور اسلام كو بہت پسند كرتى ہوں، ميرى خواہش ہے كہ مكمل دينى معلومات كى عالم بن سكوں.
ميرى پرورش ايك دينى گھرانہ ميں ہوئى ہے، اپنے زندگى كے سارے مراحل ميں نوجوانوں كے ساتھ اختلاط نہيں كيا، حتى كہ ملازمت و كام ميں بھى، اور ميرے موبائل ميں كسى بھى نوجوان كے موبائل كا نمبر داخل نہيں ہوا.
ميرى ہميشہ اللہ سے يہى دعا رہى ہے كہ اللہ سبحانہ و تعالى مجھے نيك و صالح خاوند نصيب كرے، جو ميرے شرعى علم اور قرآن مجيد كى تعليم ميں ممد و معاون ثابت ہو، اور اسى طرح دينى امور كا التزام كرنے ميں ميرى مدد كرے.
ميرے ليے جتنے بھى نوجوانوں كا رشتہ آيا ميں نے رد كر ديا كيونكہ وہ اتنا دين والا نہ تھا جو ميں چاہتى ہوں، ميرى مشكل اس وقت شروع ہوئى جب ميں نے انجيئر آفس كھولا اور اپنے گھر والوں كى مدد كرنے كے ليے ميں نے وہاں كام شروع كيا.
ميرا ايك نوجوان سے تعارف ہوا جو كام كاج كے سلسلہ ميں ميرے آفس آيا كرتا تھا، اور وہ علم حديث ميں ايم اے كا طالب علم تھا، اور اپنے تخصص كے ابتدائى مرحلہ ميں تھا، ميں نے اس سے دريافت كيا كہ آيا ميں بعض شرعى مسائل ميں اس پر ا عتماد كر سكتى ہوں ؟ چنانچہ اس نے ميرا ٹيلى فون نمبر ليا تا كہ مجھے جواب دے سكے، تو ميں نے اسے فون نمبر ديا كيونكہ مجھے اپنے آپ پر بھروسہ تھا، اور اس پر بھى، كيونكہ وہ ايك شرعى علم كا طالب علم ہے.
يہ مخفى نہيں كہ مجھے اس كى اسلامى شخصيت بہت پسند آئى، كيونكہ بہت ہى كم ايسے نوجوان ہيں جو نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم كى اتباع و پيروى كرتے ہوئے ہمارے معاشرہ ميں داڑھى ركھتے ہيں، اس كے بعد اس نے ميرے حالات دريافت كيے اور مجھے جواب ديا، اور كہنے لگا:
آپ كو جب بھى كوئى سوال و اشكال ہو تو آپ فون كر سكتى ہيں، اس كے بعد ميں نے اسے شكريہ كا ميسج كيا، اور رمضان المبارك كى مناسب سے اسے مباركباد بھى دى، اور اس نے ميرے ميسج كا جواب ديا.
اس كے بعد وہ مجھے وقتا فوقتا نصيحت و دعا اور احاديث پر مشتمل ميسج ارسال كرنے لگا، اور ميں بھى اسے ايسے ہى ميسج كرتى، ميں اس قسم كے ميسج پر خوشى محسوس كرتى اور محسوس كرنے لگى كہ وہ مجھے ياد كرتا اور ميرے متعلق سوچتا ہے، اور ميں دعا كرتى كہ اللہ اسے ميرے نصيب ميں كر دے، ميں يہ كہتى كہ ہو سكتا ہے وہ تعليم مكمل كر كے ميرا رشتہ طلب كرے، مجھے پتہ نہيں كہ ميں اس سے كيوں تعلق ركھنے لگى ہوں، جب بھى ميرے ليے كوئى رشتہ آتا ہے تو ميں انكار كر ديتى ہوں، اور ان دونوں كے مابين موازنہ كرتى ہوں خاص كر دين كے مسئلہ

میں.

لیکن بعض اوقات میں کہتی ہوں کہ اس کے ساتھ میسج کا تبادلہ کرنا حرام ہے، اور میں میسج کرنا بند کر دیتی ہوں، لیکن وہ ہفتہ میں مجھے ایک میسج کرتا ہے، تو میں اپنی بات سے رجوع کر کے کہتی ہوں کہ اگر یہ حرام ہوتا تو پھر وہ شخص تو اہل علم میں شامل ہوتا ہے اور وہ اس پر کیسے راضی ہو سکتا ہے ؟

مجھے نہیں علم کہ آیا وہ شادی شدہ ہے یا نہیں، لیکن میرے خیال میں اگر وہ شادی شدہ ہوتا تو مجھ میسج نہ کرتا کیونکہ میں جس معاشرہ میں رہتی ہوں اسے بخوبی جانتی ہوں اب مجھے یہ سمجھ نہیں آ رہی کہ میں کیا کروں ؟

اور یہ کیسے معلوم ہو سکتا ہے کہ آیا وہ شادی شدہ ہے یا نہیں، اور آیا وہ مجھے چاہتا ہے یا نہیں ؟

اور اگر میرا اس کے ساتھ میسج کا تبادلہ کرنا حرام ہے اور کیا میں اس کا انتظار کرتی رہوں ؟

میرے لیے کوئی ایسا قابل اعتماد شخص نہیں ہے جو میری مدد کرے، مجھے علم ہے کہ اس کی مالی حالت اچھی نہیں، اور میں کہتی ہوں کہ یہی ایک سبب ہے کیونکہ میں خوبصورت بھی ہوں جس کی بنا پر میرے لیے بہت رشتے آتے ہیں، برائے مہربانی آپ کوئی نصیحت فرمائیں.

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

شیطان اپنا شکار کرنے اور اسے اپنے جال میں پھنسانے کے لیے بہت سارے طریقے استعمال کرتا ہے، اور یہی عبارت ہر حادثہ میں تکرار کے ساتھ ہوتی ہے کہ " میں اپنے آپ پر بھروسہ کرتی ہوں " میں اس پر بھروسہ کرتی تھی " علم و فائدہ کی وجہ سے " رمضان المبارك اور عید آنے کی مبارکباد دینا" پھر اس کے بعد قلبی تعلق پیدا ہو جاتا ہے، اور پھر پسند کے کلمات اور پھر عشق و محبت ہوتی ہے، اور بعض اوقات تو معاملہ اس سے بھی بڑھ کر قبیح شکل اختیار کر لیتا ہے جو شدید حرام بھی ہے.

آپ نے اپنا موبائل نمبر ایک اجنبی اور غیر محرم شخص کو دے کر غلطی کی، اور آپ نے شکریہ کا میسج کر کے ایک بڑی غلطی کا ارتکاب کیا اور اس سے بھی بڑھ کر مبارکباد کا میسج کیا، اور سب سے بڑی غلطی یہ تھی کہ آپ نے اسے مسلسل میسج کرنے کی چھوٹ اور اجازت دے دی.

مرد و عورت کے مابین تعلقات اور مراسلات کا تفصیلی حکم ہم کئی ایک سوالات کے جواب میں بیان کر چکے ہیں، اسے جاننے کے لیے آپ سوال نمبر ( 78375 ) اور ( 26890 ) اور ( 82702 ) کے جوابات کا مطالعہ کریں.

اس مشکل کو حل کرنے اور معصیت و گناہ سے رکنے کے لیے آپ کے سامنے دو راستے ہیں:

اول:

آپ اس کو شادی کی پیشکش کریں، لیکن ایسے طریقہ کے ساتھ جس میں آپ کی عزت و کرامت محفوظ ہو اور شرم و حیاء بھی قائم رہے.

اس کی کیفیت ہم نے سوال نمبر ( 99737 ) کے جواب میں بیان کی ہے آپ اس کا مطالعہ کریں.

یا پھر آپ ایسے میسج کریں کہ تسلسل کے ساتھ میسج کرنے کی اجازت دے کر غلطی کی تھی، اور میں اس پر راضی نہیں، اب میں نے میسج ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے.

اس صورت میں یا تو وہ پوری صراحت کے ساتھ آپ سے شادی کرنے کی بات کریگا، یا پھر آپ کومیسج کرنا بند کر دیگا تو اس طرح مقصد بھی پورا ہو جائیگا، یعنی دونوں احتمال کی صورت میں مقصد پورا ہو جائیگا.

اللہ سبحانہ و تعالی سے دعا ہے کہ وہ آپ کو خیر و بھلائی کی توفیق نصیب فرمائے.

واللہ اعلم .